نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21-ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

پاک چائنا زرعی باہمی تعاون کے فروغ کیلئے چین کی کمپنیوں کے وفد کی زراعت ہاؤس لاہور میں آمد

صوبہ میں زرعی ٹیکنالوجی اور میکانائزیشن کے فروغ کیلئے پاک چائنا تعاون سے اقدامات کئے جائیں گے۔

وزیر زراعت و لائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی

لاہور: **24 جولائی 2025**: زرعی شعبے میں باہمی تعاون کے فروغ کیلئے چین کی کمپنیوں کے کاروباری وفد کی زراعت ہاؤس لاہور میں آمد ہوئی۔ وزیر زراعت و لائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی اور سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے وفد کو خوش آمدید کہا۔ مسٹر گو یو گو کی قیادت میں 18 رکنی چینی وفد نے چین اور پنجاب کے درمیان زرعی اشتراک و تعاون کو فروغ دینے کے لیے ایک مشاورتی سیشن میں بھی شرکت کی۔ اس موقع پر زرعی میکانائزیشن، سمارٹ فارمنگ اور ایگریکلچر ڈیجیٹلائزیشن پر سیر حاصل تبادلہ خیال کیا گیا۔

وزیر زراعت و لائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے اپنے خطاب میں کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب صوبہ میں زرعی میکانائزیشن کے فروغ کے لیے پر عزم ہیں۔ جس پر عملدرآمد کو یقینی بنانے کے لیے پنجاب حکومت نے کسانوں کو جدید مشینری کی فراہمی پر سبسڈی دی ہے اور اس مقصد کے حصول کے لیے لیزنگ اسکیمز بھی شروع کی گئی ہیں۔ جو پنجاب میں زرعی انقلاب لانے کا پیش خیمہ ثابت ہوں گی۔ صوبائی وزیر زراعت نے کہا کہ چین زرعی ٹیکنالوجی میں دنیا بھر میں سب سے آگے ہے۔ پنجاب حکومت زرعی شعبے میں چین کے تجربات سے استفادہ کرنا چاہتی ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ پنجاب کو پاکستان میں فوڈ باسکٹ کی حیثیت حاصل ہے۔ ہم صوبہ پنجاب میں زرعی ٹیکنالوجی اور کاشتکاری کے جدید طریقہ کار کیلئے چین سے تعاون کے خواہاں ہیں۔ اس موقع پر سید عاشق حسین کرمانی نے چین کی کمپنیوں کو پنجاب میں سرمایہ کاری کی دعوت بھی دی۔

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے اس موقع پر کہا کہ صوبہ میں جدید زرعی مشینری کی کاشتکاروں کیلئے دستیابی کو یقینی بنانے کے لیے تمام وسائل و ذرائع بروئے کار لائے جا رہے ہیں، چین کے وفد کے ساتھ آج کا سیشن بہت معلوماتی رہا ہے۔ انھوں نے کہا کہ چین کے کاروباری وفد کی پنجاب میں جدید زراعت کے فروغ کے لیے پیش کش قابل ستائش ہے۔ سیکرٹری زراعت افتخار علی سہو نے مزید کہا کہ جدید مشینری کی خریداری کیلئے حکومت پنجاب بینک آف پنجاب کے ذریعے بلاسود قرض فراہم کر رہی ہے۔

ڈائریکٹر جنرل سٹریٹیجک پراجیکٹس میجر جنرل (ر) شاہد نذیر نے کہا کہ گرین پاکستان انشیٹیو کے تحت جدید ہارویسٹرز، ڈرونز و دیگر جدید زرعی آلات کی دستیابی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ انھوں نے کہا کہ ہمیں سمارٹ ایگریکلچر فارمنگ اور زرعی انجینئرنگ میں چین کا تعاون درکار ہے۔ چین کی زرعی ٹیکنالوجی پنجاب میں ترقی کی راہ ہموار کرنے کا باعث بنے گی۔

اجلاس میں چین کی ممتاز کمپنیوں ویفانگ شینگ چوان، جوٹیک، ویچائی لوول، پائی سیٹ اور سائنک کے نمائندگان بھی مشاورتی سیشن میں موجود تھے۔ جنھوں نے چھوٹی اور درمیانہ درجے کی زرعی مشینری جیسے پاور ٹیلرز، منی ہارویسٹرز، روٹری کلٹیویٹرز، جبکہ بڑے پیمانے کی مشینری جیسے کمبائن ہارویسٹرز، ملٹی فنکشنل ٹریکٹرز اور ماحول دوست جدید مشینوں کے بارے میں بریفنگ دی۔ ایک کمپنی کے نمائندہ نے اپنی سمارٹ زرعی ٹیکنالوجی، آئی او ٹی سے منسلک مشینری اور خودکار ٹریکٹرز کا تعارف بھی کرایا۔ میں اسپیشل سیکرٹری زراعت آغا نبیل اختر، ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ایڈمن) اعجاز منیر، ڈائریکٹر جنرلز زراعت نوید عصمت کاہلوں، چوہدری عبدالحمید اور انجنیئر ساجد نصیر کے علاوہ پراجیکٹ ڈائریکٹر محکمہ زراعت ڈاکٹر انجم علی نے بھی شرکت کی

☆☆☆☆